عوام بالخصوص مخیّر حضرات ایم کیو ایم کے زیر اہتمام 10 اپریل کو لاہور میں منعقدہ جلسہ عام کیلئے اپنے عطیات مسلم کمرشل بینک کے اکاؤنٹ نمبر 0398830801000863 زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔26، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیو ایم کے تحت 10 اپریل کو لاہور میں ہونے والے جلسہ عام کیلئے اپنے عطیات زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں ۔ اس سلسلے میں عوام اور مخیّر حضرات اپنے عطیات مسلم کمرشل بینک اکاؤنٹ ٹائٹل MQM، اکاؤنٹ نمبر 0398830801000863 واٹر پمپ برانچ، برانچ کوڈ نمبر 0073 پر جمع کراسکتے ہیں ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم نے غریب و متوسط طبقے سے جنم لیا ہے اوراس کے منتخب نمائندے غریب ومتوسط گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور ایم کیو ایم کے تمام تنظیمی اخراجات عوامی عطیات سے ہی پورے کئے جاتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک کی واحد جماعت ہے جس کی پشت پرکوئی جاگیردار، وڈیرہ، سرداراورسرمایہ دارموجودنہیں ہےاسی لئے ایم کیو ایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ ،وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اورحق پرستی کا کاررواں تیزی سے منزل کی جانب رواں دواں ہے ۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر بالخصوص پنجاب کےعوام کواب فرسودہ گلے سڑے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک میں غریب ومتوسط طبقے کےعوام کی حکمرانی کیلئے ایم کیو ایم کا بھرپور ساتھ دینا ہوگا اور 10 اپریل کو لاہور میں ہونے والاعظیم الشان جلسہ عام ثابت کردیگا کہ ملک بھرکی طرح صوبہ پنجاب کےعوام بھی ایم کیو ایم کے حق پرستی پرمبنی فکروفلسفہ اورنظریئے کی سچائی پرایمان لےآئے ہیں اوراب ملک سےظلم ،تشدد، چوری چکاری، کرپشن ،قومی دولت لوٹنے والوں کے کڑے احتساب کا وقت قریب آچکا ہے۔جناب الطاف حسین نے پنجاب بھرکے ہاریوں، کسانوں، مزدوروں، مزارعین، نوجوانوں، بزرگوں، خواتین ،طلباءاورزندگی کے مختلف شعبوں سےتعلق رکھنےوالےعوام سےاپیل کی کہ وہ 10 اپریل کولاہور میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکےاسےتاریخی کامیابی سے ہمکنار کرائیں اور جلسہ عام کے انتظامات اور تیاریوں کیلئے دل کھول کر اپنے عطیات جمع کرائیں۔

سابق حق پرست یوسی ناظم حنیف بانٹوا کی شہادت پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن:۔۔۔26مارچ، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے یوسی 5 صدرٹاؤن کے سابق حق پرست ناظم حنیف بانٹوا کی شہادت پردلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطافرمائے(آمین)

دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے صدرٹاؤن یوسی 5 کے سابق حق پرست یوسی ناظم حنیف بانٹوا کوسپردخاک کردیا گیا نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، وزراء، ارکان اسمبلی اورکارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔26، مارچ 2011ء

جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب رنچھوڑ لائن میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے صدر ٹاؤن یوسی 5 کے سابق حق پرست یوسی ناظم حنیف بانٹوا کو یٰسین آباد کے شہداء قبرستان میں آہوں اورسسکیوں کے درمیان سپردخاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ جامع مسجد فیضان بلال پان منڈی نانک واڑہ میں ادا کی گئی۔شہید کی نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفی کمال، سلیم تاجک، کیف الوریٰ، حق پرست صوبائی وزیرخالد بن ولایت، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، طاہرقریشی، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورشہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

حنیف بانٹوا کی شہادت کا واقعہ کراچی کا امن تہہ و بالا کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

ایم کیو ایم کے سابق حق پرست یوسی ناظم حنیف بانٹوا شہید کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے

کراچی۔۔۔26مارچ2011ء

یوسی 5صدر ٹاؤن کے سابق حق پرست ناظم حنیف بانٹوا کو مسلح دہشتگردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا۔شہید کی عمر55برس تھی شہید شادی شدہ تھے اور شہید کے سوگواران میں بیوہ،تین بیٹے اور تین بیٹیاں شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق حنیف بانٹوا اپنی رہائشگاہ کے قریب بیٹھے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے۔شہید کو تشویشناک حالت میں مقامی اسپتال میں لے جایا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکے اور اپنے خالق حقیقی سے جاملے(اناللہ وانا الیہ راجعون)۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں یوسی 5صدر ٹاؤن کے سابق حق پرست ناظم حنیف بانٹوا کی شہادت پر سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس کو واقعہ کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان،ہمدردوں کو شہید کرنے کا سلسلہ جاری ہے جو شہر کا امن تباہ کرنے کی بدترین سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض دہشت گرد عناصر سندھ خصوصاً کراچی کا امن تہہ بالا کرنے پر تلے ہوئے ہیں تاکہ کراچی میں بدامنی پھیلا کر یہاں دہشتگردی کی کاروائیوں کو عام کیا جاسکے تاکہ کراچی کی معیشت کو تباہ و برباد کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ ان دہشتگردوں کو کراچی کا امن ایک آنکھ نہیں بھارہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ شہر میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات تواتر کے ساتھ ہورہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک،گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حنیف بانٹوا کے قتل کا فی الفور نوٹس لیں اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔انہوں نے شہید کے سوگواران لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

ایم کیو ایم کے زیر اہتمام 'ایک شام نذیر ناجی کے ساتھ' منعقد کی گئی

لاہور۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)26/مارچ2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہفتہ کی شام ملک کے سینئر کالم نگار،دانشور اور سیاسی تجزیہ نگار محترم نذیر ناجی کے اعزاز میں ادبی تقریب بعنوان''ایک شام نذیر ناجی کے ساتھ''منعقد کی گئی،نذیر ناجی کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں دانشور،محرق،کالم نگار اور شعراء کرام اور لاہور سے تعلق رکھنے والی ادبی شخصیات منیر بلوچ، ڈاکٹر کنول فیروز،سینئر صحافی ودانشور سید اظہر،پروفیسر جواد جعفری،صحافی وٹی وی اینکر ذوالفقار راحت،علی اطہر آواز،افتخار بخاری کے علاوہ دیگر نے بھرپور انداز میں شرکت کی اور نذیر ناجی کی قلمی خدمات کو سراہتے ہوئے اس پر تفصیلی روشنی ڈالی اور اپنی شعلہ بیان تقریروں میں انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔تقریب کی میزبانی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا،قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی،لاہور زونل کمیٹی کے انچارج شاہین انور گیلانی اور محترمہ طاہرہ آصف کی اس موقع پر ایم کیو ایم لاہور زونل کمیٹی کے ارکان،لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج واراکین کے علاوہ لاہور زون کے کارکنان کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔نذیر ناجی کے اعزاز میں منائی جانے والی شام کی تقریب بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔نذیر ناجی کے اعزاز میں تقریب ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس وحدت روڈA-27 بلاکB لاہور میں منعقد کی گئی اور اس سلسلے میں پنجاب ہاؤس کے وسیع لان میں ریڈ کارپٹ بچھا کر لان کو پنڈال کا درجہ دیا گیا تھا جبکہ پنڈال میں سامنے کی جانب پھولوں سے سادہ اسٹیج بنایا گیا تھا جس کے عقب میں اسکرین لگائی گئی جس پر ایم کیو ایم کے''قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے سینئر کالم نگار ودانشور نذیر ناجی کے ساتھ ایک شام''تحریر تھا جبکہ اسکرین کے بائیں جانب ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی تصویر نمایاں تھی۔ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس کے لان کو انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور صحافی شرکا نشستیں لگائی گئی تھی میں زبردست انتظامات کیے گئے۔تقریب کا آغاز5بجے تلاوت قرآن پاک سے ہوا قاری ثقافت نے قرآنی آیات کی تلاوت کی اور اس کا ترجمہ بیان کیا۔نذیر ناجی کی اسٹیج پر آمد پر ان کی ایم کیو ایم کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا اور ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئی۔ افتخار بخاری نے تقریب میں نظامت کے فرائض انجام دیئے۔تقریب سے دانشوروں،شعراء اور سینئر صحافیوں کے علاوہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان،افتخار اکبر رندھاوا،رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی اور لاہور زونل کمیٹی کے انچارج شاہین انور گیلانی نے بھی خطاب کیا اور نذیر ناجی قلمی خدمات پر روشنی ڈالی۔تقریب کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے نذیر ناجی کو خصوصی شیلڈ اور گلدستے پیش کیے۔

ایم کیوایم پہلی سیاسی جماعت ہے جس نے عزت دینے والوں کو عزت دی، ایم کیوایم کی یہ رت خوش آئند ہے، نذیر ناجی

لفظ انقلاب کی بنیاد قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مینار پاکستان کے جلسے میں رکھ دی تھی

لفظ انقلاب کے پیچھے ایم کیوایم پندرہ ہزار کارکنان کی قربانی دے چکی ہے، رابطہ کمیٹی

نذیر ناجی ایک ایسے صحافی، قلمکار اور دانشور ہیں جن سے ہم نے لکھنا پڑھنا سیکھا ہے

قائد تحریک الطاف حسین دیگر قلمکاروں کے ساتھ ساتھ نذیر ناجی صاحب کی کالم بھی شوق سے سنتے ہیں

لاہور میں ایم کیوایم کے زیر اہتمام معروف دانشور نذیر ناجی کے نام ایک شام کی تقریب میں خطاب

لاہور۔۔۔(اسٹاف رپورٹر) 26/مارچ 2011ء

سینئر دانشور و کالم نگار نذیر ناجی نے کہا کہ ہم صحافی لوگ دوسروں کو آگے پہنچاتے ہیں اور یہ سیاستداں ورہنماء پلٹ کر نہیں دیکھتے ایم کیوایم پہلی سیاسی جماعت ہے جس نے عزت دینے والوں کو عزت دی اور ایم کیوایم کی یہ رت خوش آئند ہے جو دیگر جماعتوں میں بھی سامنے آنی چاہیئے ۔۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کی شام ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے صدارتی خطاب میں کیا۔تقریب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحید رعباس رضوی نے بھی خطاب کیا۔تقریب میں دانشور، محرق، کالم نگار اور شعراء کرام اور لاہور سے تعلق رکھنے والی ادبی شخصیات منیر بلوچ، ڈاکٹر کنول فیروز، سینئر صحافی محترمہ طاہرہ آصف کی اس موقع پر ایم کیوایم لاہور زونل کمیٹی کے ارکان، لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج و اراکین کے علاوہ لاہور زون کے کارکنان کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔نذیر ناجی نے مزید کہا کہ یہ صرف میرے ساتھ نہیں بلکہ مجھے امید ہے کہ ایم کیوایم دوسرے شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی وہ عزت دے جو آج مجھے ملی ہے۔انہوں نے کہا کہ میں قائد تحریک الطاف حسین کا بے حد ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے مجھے عزت بخشی۔مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نذیر ناجی ایک ایسے صحافی، کالم کار اور دانشور ہیں جن سے ہم نے لکھنا پڑھنا سیکھا ہے، قائد تحریک الطاف حسین دیگر قلمکاروں کے ساتھ ساتھ نذیر ناجی صاحب کا کالم بھی شوق سے سنتے ہیں اور ایم کیو ایم جس انقلاب کی صدا بلند کر رہی ہے وہ آج کی محفل میں سب کے سامنے آچکا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم کوئی مقالعہ نگار نہیں اور نہ ہی کوئی اتنا پڑھے لکھے ہیں کہ نذیر ناجی جیسی شخصیت پر اظہار خیال کرسکیں کیونکہ بڑے لوگوں پر بات کرنے سے لوگ آپ کے علمیت کو تولتے ہیں، سیاست کے ساتھ ساتھ صحافت کی تلوار بھی برابر چلتی رہی ہے اور پاکستان کے قیام کے بعد صحافت کا جو کردار رہا وہ بھی کسی سے ڈھکا چھپا نہیں، نذیر ناجی کا نام بھی تمام بلند قدامت صحافیوں میں سے ایک ہے جن کے کالم پڑھ اور دیکھ کر دیگر کالم نگار بھی اپنے کالم کو درست کرتے ہیں اور پاکستان کے حالات میں جو ایک مزدور، کسان، محنت کش، صنعت کار اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے تمام افراد کا جو مسئلہ ہے وہ نذیر ناجی کے کالم میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 اپریل کو محبت اور انقلاب کی ابتداء ہوگی، ایم کیوایم کے جلسے بڑے اور منظّم ہوتے ہیں اس کیلئے جگہ بڑی ہونی چاہئے اس لئے ہم نے مینار پاکستان کی تجویز دی تھی لیکن پنجاب حکومت نے ہمیں جلسہ کی اجازت قذافی اسٹیڈیم روڈ پر دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں پنجاب ہاؤس کا افتتاح ہونے کے بعد جو پہلی تقریب منعقد کی گئی اس کا رشتہ قلم سے جوڑنا ایم کیوایم کی قلم کاروں سے والہانہ محبت کا اظہار ہے اور اس روایت کا آغاز کرکے ایم کیوایم نے ایک نئی تاریخ کا اضافہ کیا ہے۔جن لوگوں نے قلم کی بے حرمتی کی آگے چل کر وہ لوگ خاک میں مل گئے اور جنہوں نے اپنے دانشوروں، صحافیوں اور کالم نویسوں کو اپنے سینے سے لگا کر رکھا وہ بہت آگے چلے گئے، نذیر ناجی جتنے بڑے قلم کار ہیں اور وہ جاننے کی جستجو میں سب کچھ کرنے کو تیار ہیں اور جاننے کیلئے کسی بھی قوم، جماعت یا کمیونٹی کی بات کو توجہ سے سننا بہت بڑا کام ہے، نذیر ناجی صاحب نے ماضی کے اختلافات کے باوجود ایم کیوایم کو توجہ سے سنا۔1991 میں ان کی قائد تحریک الطاف حسین سے پہلی ملاقات ہوئی اور 91ء سے مسلسل رابطے میں رہے۔انہوں نے کہا کہ لفظ انقلاب کو بعض لوگ مذاق کے طور پر استعمال کرتے ہیں تاہم لفظ انقلاب کی بنیاد قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مینار پاکستان کے جلسے میں رکھ کر دی تھی۔لفظ انقلاب کے پیچھے ایم کیوایم پندرہ ہزار کارکنان کی قربانی دے چکی ہے۔تقریب سے سینئر کالم نویس منیر بلوچ نے کہا کہ ایم کیوایم ہر اچھے آدمی کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرتی ہے جس طرح آج نذیر ناجی کے ساتھ ایک شام منعقد کر کے کیا۔نذیر ناجی کو پڑھتے ہوئے ہم نے لکھنا سیکھا ہے، ان کی تحریریں ہمارے لیے معلومات ہیں۔نذیر ناجی کے شاگرد پورے پاکستان میں ہیں، اس وقت اگر کوئی سیاسی تنظیم ملک وعوام کو آگے لیکر جاسکتی ہے تو وہ ایم کیوایم ہے، نذرناجی کی خدمات کے اعتراف میں ان کے ساتھ ایک شام ہی نہیں بلکہ پورا دن گذارنا چاہیے۔پروفیسر جواد جعفری نے ایم کیوایم کو پنجاب میں کھلے دل سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا پنجاب میں قیام اور اس کے پس منظر میں نذیر ناجی کے ساتھ ایک شام منانا بڑا پر مسرت موقع ہے اور ہم سب نذیر ناجی کے نام پر جمع ہوئے ہیں، ایم کیوایم نے پنجاب میں ادبی تقریب سے آغاز کیا ہے اور یہ بہت اچھا آغاز ہے جس کو جاری رہنا چاہیں، نذیر ناجی کے کالم اور عام کالم نویسوں کے کالم میں واضح فرق ہے اور نذیر ناجی کا کالم میرے جسم اور روح کی غذا ہے۔ڈاکٹر کنول

فیروز نے کہا کہ یہ بہت خوش آئند بات ہے کہ ہماری سیاسی جماعتیں ہمارے دانشوں کوقریب لانے اوران کے تجزیات اورتحریروں سے استعفادہ کرنے کیلئے اس قسم کے اقدامات کررہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی تحریروں کا آغاز شاعری سے کیا تھااورآج بھی اس پر قائم ہوں لیکن نذیر ناجی صاحب کالم نویس کے ساتھ دانشوربھی ہیں اس ملک میں قائداعظم کانظریہ پاکستان کیا تھااس کا تذکرہ نذیرناجی کے حوالے سے کسی نہ کسی صورت میں ہوتا رہتاہے اوران کے کالموں میں یہ بھی ہوتا ہے کہ کون کونسی جماعت پاکستان کوطالبان کے حوالے کرنا چاہتی ہے اورکونسی جماعت پاکستان کوطالبان سے بچانا چاہتی ہے ۔روزنامہ پاکستان کے سینئرصحافی ودانشورسید اظہر نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے قوم کونقصان پہنچائے بغیر پنجاب کی پچ پرمیچ کھیل کرثابت کردیا ہے کہ وہ منظم اورصاحب نظر جماعت ہے،70 کی دہائی میں ایک پرآشوب ، جارہانہ دہائی تھی اورمیں اس نسل کا ایک فردہوں جس میں حسن نثار،منو بھائی، مجیب شامی، ایازامیر، ہارون رشید،عرفان صدیقی اورکسی حدتک عباس اطہر شامل ہیں جس میں نذیرناجی کاتعین کرتے ہیں تووہ سب سے زیادہ تعلق قائم کرتا ہے جوایک تجزیہ کار ہے جوعوام کوحالات اورتجربات کی بنیاد پرکسی نہ کسی نتیجے پرپہنچاتا ہے اور نذیرناجی کانمبرسب سے پہلے آئیگا۔صحافی ، ٹی وی اینکرذوالفقارراحت نے کہا کہ پنجاب اوردانشوروں اورصحافیوں قلم کے تمام مزدوروں کیلئے خوشی اورفخرکی بات ہے کہ ایسی تنظیم کوآج پنجاب میں بہت دیر بعد دیکھی جاری ہے جسے بہت پہلے پنجاب میں آجانا چاہئے تھا اورجولوگ پنجاب کے دعوئ دار ہیں ان کوکبھی یہ توفیق نہ ہوئی وہ اس قسم کی محفل منعقدکرکے پنجاب سے تعلق رکھنے والے کالم نگار،شاعراوردانشوروں کوعزت سے نوازتے لیکن ایسا نہیں ۔آج کی یہ شام محترم نذرناجی کے علاوہ کسی اورکے اعزاز میں بھی ہوسکتی تھی ،اچھا لکھنے اوراچھا کام کرنے والوں کی کبھی موت نہیں ہوتی، ان کی تحریریں تاریخی میں ہمیشہ زندہ وتازہ رہے گی۔افتخاربخاری نے کہا کہ پاکستان کی تاریخی میں ہمہ وقت بے شمارادیبوں اورصحافیوں نے قربانیاں دی ہیں،آج قائدتحریک الطاف حسین کے پلیٹ فارم سے صحافتی تخلیق کا آغاز ہوچکا ہے۔تقریب میں معروف شاعرودانشورعلی اطہرآواز نے نذیرناجی کے اعزاز میں اپنی تازہ نظم ’’ایک ستارہ یہی تھا میرے پاس......اتنا نزدیک کے میرے پاس ہو‘ پیش کی۔تقریب کے اختتام میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل، افتخاراکبررندھاوا،سیف یارخان، حیدرعباس رضوی، شاہین انورگیلانی اورطاہرہ آصف نے سینئرصحافی اورکالم نگارنذیرناجی کوخصوصی شیلڈ اورپھول پیش کیے گئے اوران کی آمد پرشکریہ ادا کیا۔

متحدہ قومی موومنٹ کے 27ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی زیراہتمام انوبھائی پارک ناظم آباد میں پیر کی شب 9 بجے ایک عظیم الشان مشاعرہ منعقد ہوگا

کراچی ۔۔۔26مارچ،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے 27ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے تحت مورخہ 28مارچ 2011ء بروز پیررات 9 بجے انوبھائی پارک ناظم آباد میں ایک عظیم الشان مشاعرہ منعقد کیا جارہا ہے۔مشاعرے میں ملکی اوربین الاقوامی شہرت یافتہ شعراء کرام بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔مشاعرہ کے سلسلے میں تنظیمی کمیٹی کی جانب سے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں مہمان گرامی سمیت تمام شعراء کرام اورمعززین شہرکودعوت نامے ارسال کردیئے گئے ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ کی تنظیمی کمیٹی نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مشاعرہ میں زیادہ زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

محترمہ خوش بخت شجاعت کے اعزاز میں ڈیفنس میں تقریب کا انعقاد ایم کیوایم کے ہمدرد اورمعروف بزنس مین طارق فوادکی جانب سے کیا گیا تھا، ترجمان شعبہ اطلاعات

کراچی ۔۔۔26،مارچ2011ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے کہا ہے کہ حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت کے اعزاز میں گزشتہ روز ڈیفنس میں ہونے والی تقریب کا انعقاد ایم کیوایم کے ہمدرد اورمعروف بزنس مین طارق فواد کی جانب سے کیا گیا تھا جس میں محترمہ خوش بخت شجاعت نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے پرتفصیلی روشنی ڈالی جبکہ تقریب میں حق پرست صوبائی وزیرفیصل سبزواری، حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اورڈیفنس کلفٹن کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ترجمان نے وضاحت کی کہ ڈیفنس ریزیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے مذکورہ تقریب کا انعقاد خبر میں سہواً لکھ دیا گیا تھا۔

فیصل آباد میں 2لاکھ پاورلومز کی بندش اور لاکھوں مزدوروں کے بے روزگار ہونے کا نوٹس لیا جائے ، رابطہ کمیٹی

سیلز ٹیکس کا نفاذ اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے ،حکومتی اقدام انتہائی غیر منطقی ہے جس سے غریب ومزدور طبقہ براہِ راست متاثر ہوا ہے

کراچی ۔۔۔26مارچ،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیصل آباد میں 2لاکھ پاورلومز کی بندش اور لاکھوں مزدوروں کے بے روزگار ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ سیلز ٹیکس کا نفاذ اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صدارتی آرڈی نینس کے ذریعے نئے ٹیکسوں کے نفاذ اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف آل پاکستان سائزنگ انڈسٹری ،کونسل آف پاورلومز ، پاکستان یارن مرچنٹس ایسوسی ایشن ، پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ،ایسوسی ایشن ٹیکسٹائل ،ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سمیت ایشیاء کی سب سے بڑی یارن مارکیٹ بند کردی گئی ہیں اور ان سے وابستہ لاکھوں مزدور بیروزگار ہوگئے ہیں اور وہ احتجاج پر مجبور ہوچکے ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیلز ٹیکس کا نفاذ اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ انتہائی غیر منطقی اقدام ہے اور اس سے براہِ راست غریب ومزدور طبقہ لاکھوں کی تعداد میں متاثر ہوا ہے انہیں اپنا مستقبل تاریک دکھائی دے رہا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں پہلے ہی بیروزگار اور مہنگائی عروج پر ہے اور فیصل آباد میں 2لاکھ پاورلومز کی بندش اور ان سے وابستہ لاکھوں مزدوروں کا بے روزگار ہونا لمحہ فکریہ ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومتی سطح پر ملک سے بیروزگاری اور مہنگائی کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کی جس قدر آج ضرورت ہے اس سے قبل نہیں تھی لہٰذا حکومتی سطح پر ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جن سے غربت کے خاتمے بجائے غریب عوام کو ختم کرنے کا تاثر زائل ہوسکے ۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد میں 2لاکھ پاورلومز کی بندش اور لاکھوں مزدوروں کے بے روزگار ہونے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور سیلز ٹیکس نفاذ اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے ۔

ایم کیوایم ایسے کسی منصوبے کو قطعی مسترد کرتی ہے جو عوام دشمن ہو،حق پرست ارکان اسمبلی

کراچی کے رہائشی علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے

کراچی میں گیس کی سپلائی میں کٹوتی کو ختم کرکے گیس کا مکمل کوٹہ بحال کیا جائے

کراچی ۔۔26مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان اسمبلی نے کے ای ایس سی کی جانب کراچی میں چار گھنٹے کے بجائے نو گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کے اعلان پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس عمل کو عوام کے ساتھ سراسر ظلم اور انہیں ذہنی کوفت میں مبتلا کرنے کی سازش قرار دیا ہے ۔ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ رہائشی علاقوں میں طویل لوڈ شیڈنگ سے عوام برہ راست متاثر ہونگے اور روزمرہ کی زندگی اجیرن بن کررہ جائے گی لہٰذا ایم کیوایم ایسے کسی منصوبے کو قطعی مسترد کرتی ہے جو عوام دشمن ہو۔انہوں نے کہا کہ پہلے ہی کراچی میں گیس کی سپلائی میں کٹوتی کرکے اسکا کوٹہ محدود کردیا گیا ہے جس کی بنا پر شہر میں ضرورت کے مطابق گیس کی فراہم نہیں ہورہی ہے جس کا جواز بنا کر کراچی کے رہائشی علاقوں میں چار گھنٹے کے بجائے اب نو گھنٹے لوڈ شیڈنگ کا اعلان کیا گیا ہے جو عوام کے ساتھ نہ صرف ظلم بلکہ کھلی ناانصافی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ۔ارکان اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں گیس کی سپلائی میں کٹوتی کو ختم کرکے گیس کا مکمل کوٹہ بحال کیا جائے ،کراچی کے رہائشی علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے ۔

کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 102کے کارکن محمد اشرف کے بھائی محمد سعید ،سرجانی سیکٹر یونٹ 7کے کارکن ندیم قریشی کے والد محمد شہزاد ، پاک کالونی سیکٹر یونٹ 194کے کارکن عبدالقادر کے والد عبدالستار ،ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 11کے کارکن محمد ہارون کی کمسن صاحبزادی نجمہ ،لانڈھی سیکٹر یونٹ 84کے کارکن محی الدین کے بھائی مشتاق قریشی اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 86کے کارکن محمد علی کی والدہ محترمہ حمیدہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆